شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

31جولائی2024ء

پریس ریلیز

اسماعیل ہنیہ کی شہادت پوری اُمت مسلمہ کے لیے

بڑا بھاری نقصان ہے۔اناللہ وانا الیہ راجعون! (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): اسماعیل ہنیہ کی شہادت پوری اُمت مسلمہ کے لیے بہت بڑا نقصان ہے انا للہ و انا الیہ راجعون! یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ 8اکتوبر 2023ء کو فلسطینی مسلمانوں کے خلاف شروع کی گئی بدترین اسرائیلی درندگی میں جہاں عام مسلمانوں کو بڑے پیمانے پر شہید کیا جاچکا ہے وہیں ناجائز صہیونی ریاست دہشت گردی کا کُھلم کُھلا ارتکاب کرتے ہوئے دیگر مسلمان ممالک میں تحریکِ مزاحمت حماس کی قیادت اور رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ بھی کر رہی ہے۔ گزشتہ تقریباً ساڑھے نو ماہ کے دوران حماس کے رہنما اسماعیل ہنیہ کے خاندان کے 60افراد کو شہید کر دیا گیا تھا جن میں اُن کی ہمشیرہ، 3بچے اور 5پوتے اور پوتیاں بھی شامل تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسماعیل ہنیہ نے ہزاروں فلسطینی مسلمانوں کی طرح جامِ شہادت نوش کرکے اُخروی کامیابی حاصل کر لی ہے اور غزہ کے مجاہدین کا خون تحریکِ مزاحمت کو نئی قوت اور طاقت بخشے گا۔ ان شاء اللہ! اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ جب اسرائیل کی جانب سے حماس کی اعلیٰ قیادت کی ٹارگٹ کلنگ کی دھمکی سب کے علم میں تھی تو حماس کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کی ایرانی صدر کی تقریب حلف برداری میں شرکت کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی کا انتظام کیوں نہیں کیا گیا؟ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ سیکیورٹی کی اس بدترین ناکامی کی مکمل اور شفاف تحقیقات کروائی جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل بدترین دہشت گردی پر اُتر آیا ہے اور جنگ کا دائرہ بڑھا کر پوری دنیا کا امن تباہ کرنا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب لازم ہو چکا ہے کہ مسلمان ممالک متحد ہو کر بڑھتی ہوئی اسرائیلی درندگی کو روکنے اور فلسطینی عوام و مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت کے لیے عملی اقدامات اُٹھائیں تاکہ دنیا میں مزید ذلت و رسوائی سے بھی بچا جاسکے اور آخرت میں اللہ کے ہاں مجرم قرار پانے سے بھی محفوظ رہیں۔اللہ تعالیٰ اسماعیل ہنیہ اور غزہ کے تمام شہداء کو جنت الفردوس عطا فرمائے اور شہید اسماعیل ہنیہ کی صلبی اور معنوی اولاد کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: 01 August 2024

The martyrdom of Ismail Haniyeh is a great loss for the entire Muslim Ummah

Inna Lillahi Wa Inna Ilaihi Rajioon!

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that where ordinary Muslims have been brutally massacred on a massive scale since the commencement of ruthless Israeli brutality against Palestinian Muslims on 8 October 2023, the illegitimate Zionist state has also been involved in overt terrorism by carrying out target killings of leaders and representatives of Islamic Resistance Movement Hamas in other Muslim countries. Over the course of the past nine and a half months, 60 members of the family of the head of the Hamas political wing, Ismail Haniyeh, had been martyred, including his sister, 3 children and 5 grandchildren. The reality is that Ismail Haniyeh, similar to countless other Palestinian Muslims, has attained the eternal success of the Hereafter after embracing martyrdom, and the blood of Gaza's *Mujahideen* will strengthen the Resistance Movement with a renewed vigor. *In Sha Allah!* The Ameer raised the question that when the threat of target killing of Hamas leadership by Israel was common knowledge, then why was foolproof security not arranged for Ismail Haniyeh during his participation in the oath-taking ceremony of the Iranian president? He demanded that a full and transparent investigation be carried out into this massive security failure. The fact of the matter is that Israel has now resorted to the worst form of terrorism and is seeking to destroy world peace by spreading the war to other regions. He said that it is now obligatory that Muslim nations unite and put an end to rising Israeli brutality and protect the Palestinian Muslims and the Al-Aqsa Mosque through practical measures, so that they may avert any further humiliation and disgrace in this world, while also being safe from being counted among the culprits before Allah *(SWT)* in the Hereafter. May Allah *(SWT)* grant Ismail Haniyeh, and every other martyr of Gaza, *Jannat Al-Firdous*, and enable his literal and spiritual successors to be patient through this ordeal. *Ameen!*

Issued by:

Khursheed Anjum
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami